© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

رسالہ

# مُسلمان

امرت سر۔ بابت ماہ اکتوبر و نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

## اسلامی خبرین

**معذرت**۔ ستمبر۔ اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں امرت سر بیماری کیلئے خوب آماجگاہ رہا۔ ہر ایک شخص بیمار۔ ہر ایک گھر ویران۔ ہر ایک کارخانہ بند یا نیم بند۔ لازمی تھا کہ اس کا اثر "مسلمان" پر بھی پڑتا۔ اس لئے اکتوبر کا رسالہ شائع نہو سکا بصد مشکل نومبر کے رسالہ کو ڈبل کر کے بھیجا گیا نظر بحالات موجودہ این ہم غنیمت است۔

**مرزا بیگ** مظفر نگری کو آریہ بنانے پر مسافر آگرہ کے ایڈیٹر نے بڑی خوشی ظاہر کی تھی۔ باوجودیکہ مرزا مذکور ایک عامی آدمی تھا مگر ایڈیٹر مذکور نے اوسکو مولوی اور حاجی وغیرہ القاب سے یاد کر کے لکھا تھا کہ ایسا شخص بھی سماجی ہوا ہے خدا کی شان وہی مرزا بیگ خود بخود دفتر مسلمان میں آکر مسلمان ہو گیا۔ اور اپنے آریہ ہونے کا سبب طمع دنیاوی بتلایا۔ الحمد للہ۔

**شاہ** ایران ملک کی موجودہ شورش اور انقلاب کے سبب اس قدر سراسیمہ ہے کہ اُس نے یورپ سے خاص قسم کی جاکٹین اپنے پہننے کے لئے منگائی ہیں۔ جنپر بندوق کی گولی اثر نہیں کرتی۔

**قسطنطنیہ**۔ بیروت۔ یافہ اور دمشق کے باشندوں نے آسٹریا کی چیزوں کو بائیکاٹ کر دیا۔ سوداگروں نے اپنے آرڈر واپس کر لئے۔

**مصری** اخبارات بھی مصریونکو آسٹریا کی ہی ہوئی

## فہرست کتب فروختنی

### چودھوین صدی کا مسیح

مرزا صاحب قادیانی کی سوانح عمری ابتدا ملازمت سے زمانہ مسیحیت تک کے واقعات مفصل بطرز ناول نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے گئے ہیں صفحات ۵۱۴۔ قیمت مجلد ؏ رعایتی ۸/

### الہاماتِ مرزا

اس رسالہ میں مرزا صاحب قادیانی کی پیشگوئیوں کی تردید بڑی شرح و بسط سے کیگئی ہے ایسی کہ باوجود تیسری بار چھپنے کے اور دو ہزار روپیہ جواب کی لئے انعام مقرر ہونے کے آجتک مرزا صاحب یا کسی مرزائی کو جواب دینے کی جرأت نہیں ہوئی۔ غرض یہ رسالہ قادیانی نبوت توڑنے کو کافی ہے قیمت ۵ رعایتی ۳/

### مرقع قادیانی

جلد اول مکمل قیمت ؏ رعایتی

### اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی و اخلاقی مضامین۔ فتوے اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ ۱۲/؏

### مُسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جس میں خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کے جوابات ہوتے ہیں۔ سالانہ قیمت ؏

پتہ:۔ مینجر مسلمان امرت سر

### مُرقع قادیانی

مرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی تردید میں یہ رسالہ ماہوار بڑی آب و تاب سے نکلتا ہے قیمت سالانہ ؏

پتہ مینجر مرقع قادیانی امرت سر

© rasailojaraid.com